# ترکستان اور ترک اقوام (وسطِ ایشیا کی مسلم ریاستوں کی مختصر تاریخ)

دسمبر ۱۹۹۱ء میں سوویت یونین کے باقاعدہ خاتمے پر جب وسطی ایشیا کی مسلم ریاستوں کو آزادی حاصل ہوئی تو ان کے بارے میں جاننے کی عام خواہش تھی اور تاحال اہلِ علم عوام کی اس فطری خواہش اور اشتیاق کے لیے کچھ بہت زیادہ اور اعلیٰ معیار کا لٹریچر پیش نہیں کر سکے، تاہم اس سمت میں سفر جاری ہے۔ پروفیسر سیّد محمد سلیم نے عوام کے اس اشتیاق کے پیشِ نظر زیرِ تبصرہ رسالہ ترتیب دیا ہے جس میں انھوں نے "پہلے تو خطۂ وسطِ ایشیا کے مختصر جغرافیائی حالات بیان کیے ہیں، پھر ترک و تاتاری اقوام کی ماضی کی تاریخ مختصر طریقہ سے بیان کی ہے۔ ایک زمانہ میں اسلامی تہذیب و ثقافت نے اس خطہ کو پُر بہار بنایا تھا، اس کا تذکرہ کیا ہے، پھر زار شاہی اور لینن و اسٹالن کے دور کے مظالم کا تذکرہ کیا ہے۔"